خلافت لائبریری ۔ ربوہ

نگران۔ ملک منصور احمد عمر
مدیر۔ عبدالباسط طارق

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ماہنامہ
مغربی جرمنی

# اخبار احمدیہ

شہادت 1363 ہش
اپریل 1984ء

## جلسہ سالانہ مغربی جرمنی میں احباب کثرت سے شامل ہوں!

مغربی جرمنی کا نواں جلسہ سالانہ ۲۱-۲۲ شہادت ۱۳۶۳ ہش (بمطابق ۲۱-۲۲ اپریل ۱۹۸۴ء) بروز ہفتہ اتوار فرانکفرٹ میں منعقد ہو رہا ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ جلسہ اُس جلسہ سالانہ کی اتباع میں ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے آج سے ۹۲ سال قبل قادیان کی مقدس بستی میں خدا کے منشاء کے مطابق ۱۸۹۲ء میں جاری فرمایا تھا اس پہلے جلسہ سالانہ کا اعلان کرتے ہوئے سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا تھا:-

"اس جلسہ کے اغراض میں سے بڑی غرض تو یہ ہے کہ تا ہر ایک مخلص کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے اور ان کی معلومات وسیع ہوں اور خدا تعالیٰ کے فضل و توفیق سے ان کی معرفت ترقی پذیر ہو..... ماسوا اس کے جلسہ میں یہ بھی ضروریات میں سے ہے کہ یورپ اور امریکہ کی دینی ہمدردی کے لئے تدابیر حسنہ پیش کی جائیں کیونکہ اب یہ ثابت شدہ امر ہے کہ یورپ اور امریکہ کے سعید لوگ اسلام کے قبول کرنے کے لئے طیار ہو رہے ہیں....... سو لازم ہے کہ اس جلسہ پر جو کئی بابرکت مصالح پر مشتمل ہے ہر ایک ایسے صاحب ضرور تشریف لاویں جو زاد راہ کی استطاعت رکھتے ہوں۔ اور اپنا سرمائی بستر لحاف وغیرہ بھی بقدر ضرورت ساتھ لاویں اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی راہ میں ادنیٰ ادنیٰ حرجوں کی پرواہ نہ کریں...... اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں۔ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمۂ اسلام پر بنیاد ہے.... اس سلسلہ کی بنیادی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے اور اس کے لئے قومیں طیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی..... ہر ایک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو اور ان کو اجر عظیم بخشے اور ان پر رحم کرے اور ان کی مشکلات اور اضطراب کے حالات ان پر آسان کر دیوے اور ان کے ہم و غم دور فرما دے۔"

(اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء)

**اَے فرانکفرٹ کی جماعت!** آپ کو مبارک ہو کہ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مبارک مہمانوں کی میزبانی کا شرف آپ کو خدا تعالیٰ کے فضل سے عطا ہو رہا ہے۔ اپنے گھر برکتوں سے بھر لو! خدا تعالیٰ آنے والوں اور مقیم احباب سب کو اپنی برکتوں سے نوازے۔ آمین۔ خاکسار ملک منصور احمد عمر
(امیر و مشنری انچارج مغربی جرمنی)

# پروگرام جلسہ سالانہ مغربی جرمنی ۱۹۸۷ء

## ۲۱ - ۲۲ شہادت / اپریل

[مستورات کیلئے پردہ کا انتظام ہوگا]

### اجلاس اوّل مورخہ ۲۱ شہادت/اپریل بروز ہفتہ

| | | |
|---|---|---|
| 14.00 - 14.15 | مکرم فلاح الدین صاحب | تلاوت قرآن کریم مع جرمن ترجمہ |
| 14.15 - 14.30 | مکرم محمد الیاس صاحب | نظم: "حمد وثنا اُسی کو جو ذات جاودانی" مع جرمن ترجمہ |
| 14.30 - 15.30 | پیغامات حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ<br>افتتاحی کلمات - افتتاحی دعا | محترم وکیل التبشیر صاحب تحریک جدید |
| 15.30 - 16.00 | مکرم برادر ہینسن صاحب آف ڈنمارک | Love of Allah is the real satisfaction<br>ترجمہ خدا کی محبت میں ہی سچا سکون ہے |
| 16.00 - 16.30 | مکرم عبدالباسط طارق مبلغ سلسلہ | تقریر: موجودہ عالمی خطرات اور اسلام کا پیش کردہ حل |
| 16.30 - 16.40 | مکرم خالد محمود صاحب | نظم: "نونہالان جماعت مجھے کچھ کہنا ہے" |
| 16.40 - 16.55 | مکرم صلاح الدین صاحب جمیل Franzen | Die islamischen Lebensweise<br>اسلامی طرز زندگی |
| 16.55 - 17.25 | مکرم لئیق احمد صاحب منیر | الٰہی جماعتوں میں ابتلاؤں اور مصائب کی حکمت (تقریر) |
| 17.25 - 17.35 | مکرم یٰسین صاحب | نظم: "اسلام سے نہ بھاگو راہ ھُدیٰ یہی ہے" |
| 17.35 - 17.55 | مکرم ناز احمد صاحب ناصر | تقریر: نظامِ وصیت کی اہمیت |
| 17.55 - 18.10 | مکرم خالد محمود صاحب Franco | How I became Muslim<br>میں کیسے مسلمان ہوا؟ |

### شبینہ اجلاس برائے جرمن احباب

[سارے اجلاس کی کاروائی کا کل وقت دو گھنٹے ہے - 20.00 - 22.00]

| | |
|---|---|
| بشیر الدین عبداللہ صاحب Schadow | Wie wurde ich Muslim<br>ترجمہ: میں مسلمان کیسے ہوا؟ |
| عبداللہ واگز ہاؤزر صاحب | Jesus starb in Indien<br>ترجمہ: حضرت مسیح کشمیر میں فوت ہوئے |
| سسٹر ربیعہ یالنس صاحبہ | Die Stellung der Frau in Islam<br>ترجمہ: اسلام میں عورت کا مقام |
| مکرم ہدایت اللہ جمیل صاحب Hübsch | Über das Leben in einer islamischen Gesellschaft<br>ترجمہ: اسلامی معاشرہ میں تصور زندگی |
| مکرم برادر ہینسن صاحب آف ڈنمارک | Liebe Gottes ist wahre Erfullung<br>خدا تعالیٰ کی محبت میں ہی سچا سکون ہے |

خلافت لائبریری - ربوہ



## دوسرا دن مورخہ ۲۲ شہادت / اپریل

### اجلاس اول

| | | |
|---|---|---|
| 10.00 - 10.15 | مکرم محمد عودہ صاحب | تلاوت قرآن کریم مع جرمن ترجمہ |
| 10.15 - 10.30 | مکرم اسد اللہ خان صاحب | نظم: "اے خدا اے کارساز و عیب پوش کردگار" مع جرمن ترجمہ |
| 10.30 - 10.45 | مکرم محمد شریف خالد صاحب | تقریر: اسوۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم |
| 10.45 - 11.00 | مکرم محمود احمد صاحب | تقریر: جان و مال و آبرو حاضر ہیں تیری راہ میں |
| 11.00 - 11.15 | مکرم شمس الحق صاحب | تقریر: ذکر حبیب علیہ السلام |
| 11.15 - 11.20 | مکرم رفیق شاکر صاحب | نظم: "حسن اپنا ہی نظر آیا تو کیا آیا نظر" |
| 11.20 - 11.35 | مکرم عبد الرحمٰن مبشر صاحب | تقریر: مسلم نوجوانوں کے سنہری کارنامے |
| 11.35 - 11.50 | مکرم مقصود الحق صاحب | تقریر: تعلق باللہ |
| 11.50 - 12.05 | مکرم عرفان احمد خان صاحب | تقریر: صد سالہ احمدیہ جوبلی |

12.05 - 12.30 — وقفہ اعلانات —

### اجلاس دوم

| | | |
|---|---|---|
| 12.30 - 12.40 | مکرم حفیظ الرحمٰن صاحب انور | تلاوت قرآن کریم |
| 12.40 - 12.50 | مکرم داؤد احمد صاحب ناصر | نظم: "اک قطرہ اُس کے فضل نے دریا بنا دیا" |
| 12.50 - 13.05 | مکرم ہدایت اللہ صاحب ہیوبش<br>Hübsch | Die neuen Gedanken, die der V. Massias der Welt gegeben hat.<br>وہ افکارِ نو جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے دنیا کو عطا کئے (تقریر جرمن) |
| 13.05 - 13.20 | مکرم سلمان احمد خان صاحب | اسلام کا غلبہ خلافت سے وابستہ ہے (تقریر) |
| 13.20 - 13.30 | مکرم فلاح الدین صاحب | نظم: "عہد شکنی نہ کرو اہل وفا ہو جاؤ" |
| 13.30 - 14.00 | مکرم عبد الحکیم صاحب اکمل صاحب<br>امیر و مشنری انچارج ہالینڈ | ہالینڈ میں تبلیغ اسلام |
| 14.00 - 14.30 | مکرم ملک منصور احمد عمر صاحب<br>امیر و مشنری انچارج مغربی جرمنی | خلیفۂ وقت ہم سے کیا چاہتے ہیں |

— اختتامی دعا —

## اختتام بالخیر

**ضروری اعلان**

جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کے بابرکت موقع پر مورخہ ۲۱ شہادت / اپریل رات ۱۰ بجے تمام جماعتوں کے صدران / سیکرٹریان کی ایک ضروری میٹنگ ہوگی جلسہ سالانہ پر تشریف لانے والے تمام صدران و سیکرٹریان صاحبان مطلع رہیں اور اس ضروری میٹنگ میں ضرور شرکت فرمائیں۔

(امیر و مشنری انچارج)

# جلسہ گاہ

ہمارا جلسہ سالانہ امسال انشاءاللہ الیشرز ہم میں واقع ہال میں منعقد ہوگا ہال کا ایڈریس درج ذیل ہے :-


VOLKSBILDUNGSHEIM
ESCHENHEIMER ANLAGE-40
6000 FRANKFURT-1

۱۔ مسجد سے بذریعہ بس نمبر 36 Eschenheimer Tor کے سٹاپ پر اتر جائیں متذکرہ بالا ہال بعینہٖ اُسی مقام پر ہے۔

۲۔ ریلوے اسٹیشن ( HAUPT BAHNHOF ) سے کسی بھی S-Bahn کے ذریعہ Hauptwache کی سمت میں سفر کریں اور Hauptwache پر جو آخری سٹاپ ہے اتر کر پیدل ۲ منٹ میں متذکرہ بالا ہال میں پہنچ سکتے ہیں۔

## مسجد نور فرنکفرٹ

AUTO BAHN سے مسجد کے لئے Offenbach Süd کا Aus Fahrt لیں اور باہر نکلتے ہی ایک گول چوک ملے گا جس میں دائیں طرف پہلی سڑک چھوڑ کر دوسری سڑک سے دائیں مڑ جائیں جو سیدھی مسجد ہے آئے گی درج ذیل نقشہ کے مطابق راستہ اختیار کریں۔




## پروگرام لجنہ اماءاللہ برموقع جلسہ سالانہ

مورخہ ۲۲ شہادت / اپریل ۱۹۸۴ء

| | | |
|---|---|---|
| 10.00 - 10.05 | تلاوت قرآن کریم | زاہدہ جاوید صاحبہ |
| 10.05 - 10.15 | نظم | عفیفہ محمود صاحبہ |
| 10.15 - 10.25 | تقریر : الخیر کلّہٗ فی القرآن | نرگس رحمان صاحبہ |
| 10.25 - 10.35 | حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم | مریم ناز صاحبہ |
| 10.35 - 10.45 | The economic system in Islam. | سمیرا شاہد صاحبہ |
| 10.45 - 10.55 | خلافت ۔ عظیم نعمت | عائیذہ ہمبرگ |
| 10.55 - 11.00 | نظم | محترمہ صفیہ چیمہ صاحبہ |
| 11.00 - 11.07 | تقریر Ahmadiyyia die Erneuerung | ربیعہ یالنس صاحبہ |
| 11.07 - 11.17 | تقریر : "جان و مال و آبرو حاضر ہیں تیری راہ میں" | زبیدہ محبوب صاحبہ |
| 11.17 - 11.25 | اسلامی پردہ ہی ہماری تہذیب کا محافظ ہے | فوزیہ شمس صاحبہ |

| | | |
|---|---|---|
| 11.25 تا 11.35 | تحریک داعی الی اللہ اور ہمارے فرائض (تقریر) | کوثر شاہین صاحبہ |
| 11.35 تا 11.38 | نظم | محترمہ زاہدہ جاوید صاحبہ |
| 11.38 تا 11.45 | تقریر : سیرت سیدہ ام المومنین حضرت اماں جان رضی اللہ عنہا | منورہ عبداللہ صاحبہ صدر لجنہ اماءاللہ |
| 11.45 تا 11.50 | اسلام کی فتح کا ہتھیار ۔ دعا (تقریر) | صفیہ چیمہ صاحبہ |
| 11.50 تا 11.58 | اسلامی معاشرہ میں عورت کا مقام | رضیہ وسیم صاحبہ |
| 11.58 تا 12.05 | مہمان مقررین اور اختتامیہ | |

### خواتین کے لئے ضروری ہدایات

۱۔ دوران جلسہ جو بچے پیغام مردانہ حصہ میں لے کر جاتے یا لاتے ہیں نیز مشروبات وغیرہ لاتے ہیں ان کی آمد و رفت سے جلسہ کے پروگرام میں بہت خلل پڑتا ہے اسلئے امسال اس بات سے گریز کیا جائے۔
۲۔ چھ سال تک کے لڑکے دوران جلسہ اپنے باپوں کے ہمراہ رہیں
۳۔ چھوٹے بچوں کے لئے دودھ اور مشروبات ساتھ رکھیں تاکہ دوران جلسہ باہر اٹھ کر نہ جانا پڑے ۴۔ جلسہ خاموشی سے سنیں۔

خلافت لائبریری - ربوہ



## مغربی جرمنی کی ایک نہایت مخلص جرمن خاتون کا قبولِ اسلام SCHÖNBERG

### خدائی بشارت کے تحت خدا کے فضل سے ایمان واخلاص میں برکت

فرنکفرٹ سے تقریباً 350 کلومیٹر جنوب مشرق کی طرف واقع پہاڑی مقام پر ایک نہایت خوبصورت شہر Schönberg میں ہماری ایک نہایت مخلص پاکستانی فیملی آباد ہے۔ اُن کا نام محترم مبارک احمد صاحب ناصر اور اُنکی اہلیہ محترمہ شاہین ناصر صاحبہ ہیں۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تحریک "داعی الی اللہ" کے تحت دونوں میاں بیوی خدا کے فضل سے اپنے علاقہ میں اسلام واحمدیت کی بڑی مستعدی، حکمت اور جنون کے ساتھ تبلیغ کرتے ہیں۔ ان کے زیرِ تبلیغ کئی جرمن افراد اور خاندان ہیں۔ ان میں سے ایک نہایت مخلص جرمن خاتون Kühlmann Mathilde نے حال ہی میں بیعت کر کے اسلام احمدیت میں شمولیت کا اعلان کیا ہے فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

بیعت کے بعد علاقہ کے پادریوں اور عیسائیوں نے ان کی شدید مخالفت کی۔ اسپر انہوں نے دعا کی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں دعا کیلئے خط لکھا تو اُنہوں نے خواب میں دیکھا کہ محترمہ شاہین ناصر صاحبہ نے اُنہیں تین سونے کی انگوٹھیاں دی ہیں۔ اسکی تعبیر حضور اقدس نے یہ فرمائی کہ "نومسلم جرمن خاتون . . . . . نے اللہ کی رضا اور توحید کیلئے تین خداؤں کا فرضی عقیدہ ترک کیا۔ اللہ کی طرف سے خوشنودی کا اظہار بھی تین انعامات کی صورت میں دکھایا گیا۔ امید ہے اسکی تعبیر ان کی زندگی میں نہایت احسن رنگ میں عملی طور پر پوری ہوگی۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی وارث بنیں گی"

حضور اقدس کیطرف سے خواب کی یہ تعبیر سُن کر مخلص جرمن خاتون نے اس قدر خوشی کا اظہار کیا جسے بیان کرنا مشکل ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ بہت دعاگو خاتون ہیں۔ نماز ادا کرتی ہیں اور خلیفۂ وقت کو دعاؤں کیلئے خطوط لکھتی ہیں۔ احباب ان کی استقامت کیلئے دعا کریں۔ خدا تعالیٰ ساری جرمن قوم کو جلد حلقہ بگوش اسلام کرے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ماہ فروری / مارچ 1984ء میں داعی الی اللہ فیملی کو لکھا:

عزیزم مبارک احمد صاحب ناصر وعزیزہ شاہین ناصر صاحبہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

آپ کا دعوت الی اللہ کی پاکیزہ اور نیک سرگرمیوں سے مرصّع خط موصول ہوا۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ اُن جرمن خاتون محترمہ کولوھان کے متعلق پڑھ کر جنہوں نے بیعت کی ہے بہت خوشی ہوئی۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ۔

اس نومسلم نیک خاتون کو میرا محبت بھرا سلام پہنچا دیں اور داعی الی اللہ بننے کی تاکید کریں۔ محترمہ کولوھان کی استقامت کیلئے آپ کی توجہ اور تڑپ قابل تحسین ہے۔ اللہ تعالیٰ نومسلم خاتون کو استقامت بخشے اور مخالفین پر انکو فتح نمایاں نصیب ہو۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس علاقہ میں بکثرت اسلام پھیلانے کی توفیق بخشے۔ اور مثالی داعی الی اللہ بنائے۔ اللہ تعالیٰ اس راہ میں قدم قدم اور لحظ لحظ آپ کو اپنی معیت سے مشرف فرمائے اور ان کوششوں کو ہمیشہ کامیابیوں سے ہمکنار فرمائے۔ آمین۔

والسلام خاکسار

مرزا طاہر احمد

خلیفۃ المسیح الرابع

# جلسۂ یوم مسیح موعودؑ

مورخہ ۲۲ امان / مارچ بروز ہفتہ مسجد نور فرانکفرٹ میں جلسۂ یوم مسیح موعود علیہ السلام منایا گیا۔ جلسہ میں ۲۰ مقررین نے خطاب کیا علاوہ ازیں ۷ اطفال اور ایک بچی نے بھی تقریر یا نظم کی صورت میں جلسہ میں حصہ لیا جلسہ میں سامعین کی تعداد ۲۲۵ تھی۔

جلسہ ٹھیک تین بجے سہ پہر مکرم امیر و مشنری انچارج صاحب کی زیر صدارت محمد عودی صاحب کی تلاوت قرآن کریم سے شروع ہوا بعد ازاں مکرم اسد اللہ خان صاحب نے خوش الحانی سے حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کا منظوم کلام پڑھ کر سنایا بعد ازاں حاضرین سے مکرم شمس الحق صاحب، مکرم چوہدری مقصود احمد مکرم عبد اللہ واگزہاؤزر صاحب، مکرم عبد اللہ نیازی صاحب، مکرم انعام الٰہی اشعر صاحب، مکرم عرفان احمد خان صاحب مکرم مقصود احمد صاحب، مکرم منور احمد صاحب باجوہ، مکرم چوہدری وسیم احمد صاحب، مکرم شاہد احمد جنجوعہ صاحب مکرم ناز احمد صاحب ناصر، مکرم اعجاز احمد صاحب طارق اور مکرم زاہد علی خان صاحب نے خطاب کیا دوران اجلاس محمد الیاس صاحب اور فلاح الدین صاحب نے خوش الحانی سے حضرت اقدس علیہ السلام کا کلام پڑھ کر سنایا۔ بچوں میں سے جمال قیصر، ریحان احمد، نور الدین کاشف، مشہود احمد، مظفر احمد باجوہ، اور عفان احمد ابن بشیر احمد کاہلوں نے تقاریر اور نظموں سے سامعین کو محظوظ کیا۔ ان تمام مقررین کے بعد مکرم عبد الباسط طارق صاحب مبلغ سلسلہ نے سامعین سے خطاب کیا اور آیت قرآنی یا ایھا الذین آمنوا استجیبوا للہ و للرسول اذا دعاکم لما یحییکم سے استدلال کرتے ہوئے سامعین کو تلقین کی کہ خدا تعالیٰ کے مامور اور ان کے خلفاء کی آواز پر لبیک کہنا اور ان کی تحریکات پر بشاشت سے عمل کرنا انسان کو نئی حیات عطا کرتا ہے۔ اجلاس کے اختتام پر امیر و مشنری انچارج مکرم منصور احمد عمر صاحب نے سامعین کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے مشن کو کامیاب کرنے کیلئے بیدار رہنے کی تلقین کی۔ نیز جماعت کے سامنے یہ سکیم پیش کی کہ ہر احمدی بھائی ایک جرمن نوجوان کو اور ہر احمدی بہن ایک جرمن خاتون کو چنے جسے تین ماہ کے اندر اپنی دعاؤں اور اخلاقی نمونہ سے احمدیت میں شامل کر سکیں اور اس ضمن میں بار بار حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت اقدس میں دعا کے لئے لکھتے رہیں۔ دعا پر یہ اجلاس اختتام پذیر ہوا بعد ازاں حاضرین کو چائے پیش کی گئی۔

## سہ ماہی سکیم برائے انفرادی تبلیغ

ماہ اپریل مئی۔ جون کے لئے احباب جماعت کو یہ سکیم دی گئی ہے کہ وہ کم از کم ایک شریف النفس نوجوان جرمن کو حلقہ بگوش اسلام و احمدیت کرنے کے لئے پوری سعی کریں گے اور اس ضمن میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں مسلسل دعا کیلئے لکھتے رہیں گے اس بارے میں جماعتیں فوری طور پر رپورٹیں بھجوائیں۔ نیز احمدی بھائی اور بہنیں بھی اطلاع دیں۔

دعاؤں اور نیک نمونہ سے سارے جرمنی کو ہلا دیں!

(امیر و مشنری انچارج مغربی جرمنی)

# مغربی جرمنی کا تیسرا یوم التبلیغ

مورخہ ۳۱ مارچ بروز ہفتہ مغربی جرمنی میں تیسرا یوم التبلیغ منایا گیا اور بہت سے احمدی مردوں اور عورتوں نے داعی الی اللہ کا فریضہ ادا کرتے ہوئے جرمن قوم اور دوسری قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد کو اسلام کی طرف دعوت دی یوم التبلیغ کا آغاز نماز تہجد سے کیا گیا جو انفرادی طور پر بھی اور باجماعت بھی ادا کی گئی۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں تبلیغی میدان میں کامیابی کے لئے دعائیہ خطوط لکھے گئے مغربی جرمنی کے تقریباً ان تمام شہروں میں جہاں ہماری جماعتیں قائم ہیں تبلیغی سٹال لگائے گئے جہاں سٹال پر آنے والے اور اسلام میں دلچسپی رکھنے والے مختلف قومیتوں کے ہزاروں افراد کو ترکی، جرمن، فریج، انگلش اور یوگوسلاوین زبان میں لٹریچر دیا گیا علاوہ ازیں بعض افراد سے مختلف اختلافی مسائل، خدا تعالیٰ کی ہستی نیز اسلام اور عیسائیت کے موضوعات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ بائبل سے حوالہ جات نکال کر دکھائے گئے اور قرآنی آیات سے استدلال کر کے اسلام کی صداقت کو ثابت کیا گیا۔ زیادہ دلچسپی رکھنے والے افراد کے ایڈریس اور فون نمبر نوٹ کئے گئے اور انہیں مشن ہاؤس کا ایڈریس دیا گیا تاکہ بعد ازاں بھی مستقل طور پر رابطہ رکھا جا سکے۔ شہر کے بارونق حصوں اور سڑکوں پر اسلام اور احمدیت کے بارہ میں تعارفی لٹریچر راہگیروں میں تقسیم کیا گیا۔ ہزاروں کی تعداد میں پمفلٹ اور فولڈرز "مسیح موعودؑ آگیا ہے"، احمدیت کیا ہے"، مسیح علیہ السلام کشمیر میں"، "میں اسلام پر ایمان کیوں لاتا ہوں"، ایک مسلمان اور عیسائی کے مابین گفتگو"، رسالہ ڈیر اسلام تقسیم کئے گئے۔ تبلیغی سٹال پر جرمن اور ترکی زبان میں تیار کردہ تبلیغی کیسٹ بھی بعض دلچسپی رکھنے والے غیر مسلموں کو تحفۃً دی گئی۔ سٹال پر آنے والے بعض افراد نے جماعت احمدیہ کی طرف سے شائع ہونے والے جرمن اور انگلش تراجم القرآن نیز بعض دوسری کتب کے آڈرز بک کروائے یہ کتب بعد ازاں مشن کی طرف سے بذریعہ ڈاک بھجوادی گئیں سٹال پر آنے والے بعض زائرین نے جماعت احمدیہ کی تبلیغی مساعی کو سراہا ان تبلیغی سٹالوں پر آنے والے جرمنوں اور دوسری قومیتوں کے افراد کو اسلام کے بارہ میں معلومات بہم پہنچائی گئیں اور سوالات کے جوابات دیئے گئے۔ فرانکفرٹ شہر میں آٹھ تبلیغی سٹال لگائے گئے۔ اس کے علاوہ شٹٹ گارٹ، مینڈن، کولون، سُوْرفیلڈن گلاڈ باخ، نیورن برگ وغیرہ میں بھی تبلیغی سٹال لگائے گئے ہمبرگ شہر میں بھی مونکے برگرسٹراسے اور نارڈرسٹڈ میں تبلیغی سٹال لگائے گئے اس کے علاوہ برلن ہنوور، راٹنگن میں بھی سٹال کا اہتمام کیا گیا۔ ہمبرگ مشن ہاؤس میں مجلس مذاکرہ منعقد ہوئی مسجد نور فرانکفرٹ میں بھی آنے والے جرمنوں سے گفتگو ہوئی اس کے علاوہ بعض احباب نے انفرادی تبلیغ میں بھی حصہ لیا۔ اپنے واقف کار اور دوستوں کو گھر بلا کر اسلام کا پیغام پہنچایا بعض دوست اپنے واقف کار اور دوستوں کی دعوت پر ان کے گھر گئے اور تفصیلی گفتگو کر کے اسلام اور احمدیت سے انہیں متعارف کروایا لٹریچر اور تبلیغی کیسٹ تحفۃً دیں۔ ہماری بہنیں بھی داعی الی اللہ کی اس بابرکت تحریک میں شامل ہوئیں بعض نے نماز تہجد ادا کی بعض نے روزہ رکھا اور اسی طرح اپنے ملنے والی واقف کار عورتوں کو گھر چائے کی دعوت پر بلایا اور اسلام کا پیغام دیا لٹریچر اور تبلیغی کیسٹ بھی تحفۃً دیا۔ الحمد للہ کہ اس دن ہزاروں افراد تک اسلام کا پیغام پہنچا دیا گیا احباب جن میں بچے بھی شامل ہیں۔ جماعت نے انفرادی اور اجتماعی تبلیغ کے ذریعہ داعی الی اللہ کا فریضہ ادا کیا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس مساعی کے شیریں پھل عطا کرے آمین

# تبلیغی و تربیتی کیسٹس

تبلیغی اور تربیتی کیسٹس جو مشن میں موجود ہیں ان کا تعارف افادۂ احباب کیلیے پیش کیا جاتا ہے۔ جو دوست کسی کیسٹ کے خواہشمند ہوں وہ قبل از وقت اطلاع کیا کریں۔ کیونکہ کیسٹس کی تیاری کیلئے کچھ وقت درکار ہوتا ہے۔

خاکسار
انعام الٰہی اشعر سیکرٹری اشاعت
(شعبہ سمعی و بصری ذرائع ابلاغ مغربی جرمنی)

**اردو تبلیغی کیسٹس سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کے مبارک الفاظ میں کیسٹ ۱ تا ۴** جماعت کے بارہ میں مختلف سوالات اور اعتراضات کے مدلل جوابات۔ مثلاً وفات مسیح ناصری۔ امت محمدیہ میں نبوت۔ صداقت حضرت مسیح موعود۔ پیشگوئیاں۔ وحی الہام۔ معجزات کی حقیقت۔ نزول مسیح۔ یاجوج ماجوج۔ خروج دجال۔ معراج کی حقیقت۔ عصمت انبیاء۔ کسوف وخسوف۔ رسوم و بدعات۔ مسئلہ ایمان و تکفیر وغیرہ

**مزید پانچ اردو تبلیغی کیسٹس** :۔ حضور انور ایدہ اللہ نے پاکستان کے بعض دیگر مقامات سے آنے والے ممبرانِ جماعت دوستوں کے ربوہ میں سوالات کے جوابات دیئے اور نہایت ایمان افروز اور روح پرور ارشادات فرمائے۔ تعارف جماعت احمدیہ۔ صداقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام۔ وفات مسیح ناصری علیہ السلام۔ امت محمدیہ میں نبی کی حقیقت۔

**جرمن کیسٹ ۱** اسلام و مسلم کا مطلب ۲۔ اسلام کا مفہوم۔ ۳۔ اسلام کیا درست ہے۔ حضرت کنفیوشس ہیں ۴۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی۔ ۵۔ اسلام کے بنیادی ارکان۔ ۶۔ حضرت مسیح علیہ السلام پر ایمان ۷۔ خدا کی ذات۔ انبیاء۔ الہامی کتب۔ فرشتے اور یوم قیامت پر ایمان ۸۔ اسلامی پردہ۔ ۹۔ سؤر کے گوشت کی حرمت ۱۰۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے حالات زندگی۔ ۱۱۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کا دورہ مغربی جرمنی ۱۲۔ جرمنی میں جماعت کے مشن اور ان کے پتہ جات۔

**جرمن کیسٹ ۲**۔ کیسٹ کے آغاز میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی مبارک زبان میں تشہد اور سورۃ فاتحہ کی نہایت پیاری اور مؤثر تلاوت ہے۔ جرمن زبان میں اس کا ترجمہ ہے۔ ۲۔ سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور سیدنا حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی ایک ایک نظم مع ترجمہ۔ ۳۔ مسجد مبارک ربوہ کی اذان۔ ۴۔ مضمون یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے ساتھ تعلق قائم کیا جاسکتا ہے۔ روح القدس نازل ہوتا ہے۔ دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ جماعت احمدیہ میں متعلق باتیں اور قبولیت دعا کی مثالیں دی گئی ہیں جرمن بھائی کی جرمن زبان میں نظم لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ یہ کیسٹ ساٹھ منٹ پر مشتمل ہے۔

**ترکی ۱** ہمارے ایک ترک احمدی Otlhan Yalnis جو فرانکفرٹ میں مقیم ہیں انہوں نے تیار کی ہے۔ کیسٹ کا آغاز حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی تلاوت سورۃ فاتحہ سے کیا گیا ہے۔ جماعت احمدیہ کے عقائد اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت کے دلائل بیان کئے گئے ہیں۔

**ترکی ۲** مرکز سلسلہ میں یہ کیسٹ مبلغ سلسلہ مکرم مولوی عبد الغفار صاحب نے تیار کی ہے اس کا مضمون وفات مسیح ناصری علیہ السلام قرآن کریم، احادیث اور اقوال بزرگان سے نیز منطقی طور پر وفات مسیح علیہ السلام ثابت کی گئی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے اس مسئلہ کو روز روشن کی طرح ثابت فرمایا ہے۔

عربی ع۱ ۔ ۱۔ دلائل وفات مسیحؑ اور مسیح موعودؑ کا امتِ محمدیہ کا فرد ہونا ضروری ہے ۔ ۲۔ نبوت کا انعام جاری ہے

عربی ع۲ ۔ ۱۔ خاتم النبیین کا کیا مطلب ہے ۔ ۲۔ انبیاء کی صداقت کے دلائل

عربی ع۳ ۔ ۱۔ حضرت مسیح موعودؑ کی صداقت کے دلائل

عربی ع۴ ۔ ۱۔ انبیاء علیہ السلام کی ذات پر لگنے والے الزامات کا دفاع ۔ ۲۔ عیسیٰ ابن مریم پر لگنے والے الزامات کا دفاع

عربی ع۵ ۔ ۱۔ ایمان کے ارکان ۔ ۲۔ کتب پر ایمان ۔ ارکانِ ایمان ۔ رسولوں پر ایمان

عربی ع۶ ۔ ۱۔ اسلام ماضی حال مستقبل ۔ ۲۔ ارکان ایمان ۔ خدا تعالیٰ اور فرشتوں پر ایمان

یہ چھ کیسٹوں کا سیٹ ہے ۔ فی کیسٹ ۹۰ منٹ پر مشتمل ہے ۔

**البانین زبان** ع۱ غیر از جماعت دوستوں سے خطاب ۔ ع۲ جماعت احمدیہ کا عمومی تعارف بعد صداقت حضرت مسیح موعود علیہ السلام ع۳ سوال وجواب ۔ یہ تینوں کیسٹس ۶۰ منٹ فی کیسٹ پر مشتمل ہے

**انگریزی زبان میں سوال وجواب حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ :** کیسٹ ع۱ ۔ ۱۔ وقف زندگی ۔ ۲۔ حضرت عیسیٰؑ سے متعلق جماعت احمدیہ کا عقیدہ ۔ ۳۔ حضرت مسیح موعودؑ کی قرآن کریم کی تشریح وتفسیر ۔ ۴۔ خالق اور تخلیق سے متعلق عقیدہ ۔ ۵۔ اسلام کا حسن ۔ ۶۔ عیسائیوں اور مسلمانوں میں مشترک عقیدہ ۔ ۷۔ بائبل ایک آسمانی کتاب ۔ ۸۔ اسلام ظلم کا مخالف ۔ ۹۔ پیشگوئی کا فلسفہ ۔ ۱۰۔ اسلام اور استعارات

کیسٹ نمبر ۲ ۔ ۱۔ اسلام کا نظریہ حیات ۔ ۲۔ اسلام کا عقیدہ زندگی بعد از موت ۔ ۳۔ اسلام میں عورت کے حقوق ۔ ۴۔ اسلام میں خلیفہ کا مقام ۔ ۵۔ باعمل اور باکردار احمدی خواتین ۔ ۶۔ عیسائیت کی تاریخ ۔ ۷۔ بنی نوع انسان کے حقوق کا علمبردار اسلام ۔ ۸۔ احمدیت کیا ہے ۔ ۹۔ اسلام میں خلیفہ کا انتخاب ۔ ۱۰۔ صاحبِ بصیرت کے لئے احمدیت کی سچائی کا نشان ۔ ۱۱۔ مسیح موعودؑ سے متعلق آنحضرتؐ کی پیشگوئی

کیسٹ نمبر ۳ ۔ ۱۔ آزادیٔ فلسطین سے متعلق جماعت احمدیہ کا موقف ۔ ۲۔ قرآن بنی نوع انسان کو کیا سمجھانا چاہتا ہے ۔ ۳۔ اسلام میں عبادت کا تصور ۔ ۴۔ اسلام اور روزہ کا فلسفہ ۔ ۵۔ اسلام ۔ رحم اور بدلہ ۔ ۶۔ مسلمان عورت کو غیر مسلم سے شادی نہ کرنے کی کیوں ممانعت ہے ۔ ۷۔ روح کا تصور

کیسٹ ع۴ ۔ ۱۔ احمدی مبلغین کی ذمہ داریاں ۔ ۲۔ ہر احمدی مبلغ ہے ۔ ۳۔ خدا تعالیٰ کے وعدے جماعت احمدیہ کے ساتھ ۔ ۴۔ اسلام پردہ پر کیوں زور دیتا ہے ۔ ۵۔ اسلام برے سے نفرت نہیں بلکہ برائی سے نفرت کی تلقین کرتا ہے

## تیسرے یوم التبلیغ کی رپورٹیں بھیجنے والی جماعتیں

FRANKFURT:-
(Zoo. Eschersheim. Rödelheim. Hoechst. Dietzenbach. Dreieich. Mörfelden.) Menden/Lüdenscheid. Radevormwald. Köln. Nürnberg. Stuttgart. Aachen. Würzburg. Meschede. Hamburg Mission. Hamburg Halqa Masjid. Norderstadt. Kronehochst. Berlin. Hannover. Ch.Abdul Latif(Hamburg). Saee Mohammad (Gladbach).

درخواستِ دعا :- محترمہ فوزیہ شمس صاحبہ اہلیہ مکرم شمس الحق صاحب کے والد صاحب مکرم عبدالسلام اعوان صاحب ربوہ میں بعارضہ قلب بیمار ہیں تمام دوستوں سے انکی مکمل شفایابی کے لئے درخواستِ دعا ہے ۔

# ضروری اعلانات

## ولادت

مکرم عرفان احمد خان صاحب سیکرٹری تحریک جدید وجوبلی فنڈ کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ ۲۵ مارچ کو پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچے کا نام احسان احمد تجویز فرمایا ہے

- مکرم ملک اسلم صاحب آف ہمبرگ کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ان کی فرانسیسی بیوی کے بطن سے بیٹا عطا فرمایا ہے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت لڑکے کا نام عطاء المنعم تجویز فرمایا ہے

مکرم اسلم صاحب کی فرانسیسی بیوی نے حال ہی میں احمدیت قبول کی ہے

مکرم مختار احمد صاحب آف ہمبرگ کو اللہ تعالیٰ نے ۵ اپریل کو بیٹی سے نوازا ہے

مکرم وسیم چوہدری صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ ۱۹ مارچ کو بیٹی سے نوازا ہے

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب نومولود بچوں کو صحت وتندرستی والی زندگی عطا فرمائے ان سب کو خادم دین بنائے اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے آمین

## قائدین خدام الاحمدیہ

مغربی جرمنی کی تمام مجالس خدام الاحمدیہ کے قائدین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جلسہ سالانہ مغربی جرمنی کے بابرکت موقع پر جلسہ قائدین کی ایک ضروری میٹنگ ہوگی۔ میٹنگ کا وقت مورخہ ۲۲ اپریل صبح ۸½ بجے ہے میٹنگ جلسہ گاہ (ہال) میں ہوگی (معتمد خدام الاحمدیہ نیشنل)

## شادی مبارک

مکرم شیخ رفیق احمد صاحب آف راٹنگن کی شادی خانہ آبادی کی تقریب مورخہ ۳۰ دسمبر ۸۳ء کو راٹنگن میں بخیر وخوبی انجام پائی تقریب کے اختتام پر مکرم عبد الباسط طارق صاحب مبلغ سلسلہ نے دعا کروائی اگلے روز مکرم شیخ رفیق صاحب نے دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا دعوت کے اختتام پر مکرم منور اختر صاحب صدر جماعت راٹنگن نے دعا کروائی۔

مکرم شیخ رفیق احمد صاحب کا نکاح مورخہ ۹ نومبر ۱۹۸۳ء کو مکرم سلطان محمود انور صاحب ناظر اصلاح وارشاد نے ۱۲ ہزار جرمن مارک حق مہر پر طینت رزاق بنت میاں عبدالرزاق صاحب آف امریکہ کے ہمراہ پڑھا تھا۔ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین نیز اسلام اور احمدیت کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت کرے۔ آمین

## قرآن پاک ختم کرنے والی بچیاں

طیبہ ناز بنت مکرم ناز احمد صاحب ناصر نے حال ہی میں قرآن کریم ۸ سال کی عمر میں ختم کیا ہے اسی طرح طلعت جاوید بنت غلام مرتضیٰ جاوید صاحب نے ۷ سال کی عمر میں قرآن کریم ختم کیا ہے۔ سعدیہ خالد بنت محمد اسماعیل خالد صاحب نے ۶ سال کی عمر میں قرآن کریم ختم کیا ہے۔ ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ ان سب بچیوں کو علوم قرآن سے مالا مال کرے آمین

# سوالات پرچہ "کشتی نوحؑ"

۱۔ کشتی نوحؑ کس سنہ میں لکھی گئی۔ اس کے کون کون سے نام ہیں ؟

۲۔ طاعون کا ٹیکہ نہ کروانے کے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کیا آسمانی روک بیان فرمائی ہے ؟

۳۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الہام "اِنِّی اُحَافِظُ کُلَّ مَنْ فِی الدَّار" سے کیا مراد ہے ؟

۴۔ کشتی نوحؑ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے ہماری تعلیم کے عنوان سے جو کچھ بیان فرمایا ہے اُسے مختصر طور پر دس فقرات میں بیان کریں ۔

۵۔ حضرت مسیح ناصری علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کتنی دیر بعد پیدا ہوئے ؟

۶۔ قرآن مجید کی آیت فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم کس بات پر دلالت کرتی ہے اختصار سے بیان کریں ؟

۷۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس کتاب کا نام کشتی نوحؑ کیوں رکھا ہے ؟

۸۔ قرآنی تعلیمات اور انجیل کی تعلیمات کا موازنہ کریں نیز قرآنی تعلیمات کی فضیلت ثابت کریں ۔

۹۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بیان فرمودہ تفسیر سورۃ فاتحہ کا خلاصہ لکھیں۔

۱۰۔ حضرت مسیح ناصری علیہ السلام پر پیلاطوس کی عدالت میں جو مقدمہ چلا اسی طرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام پر کپتان ڈگلس کی عدالت میں مقدمہ ہوا۔ ان ہر دو مقدمات میں مماثلت بیان کریں ۔

۱۱۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کشتی نوحؑ میں ہدایت کے کتنے ذرائع بیان فرمائے ہیں اختصار سے بیان کریں۔

۱۲۔ آیت واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ کی تفسیر بیان کریں جو حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بیان فرمائی ہے ۔

۱۳۔ آیت لا اکراہ فی الدین کا حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کیا مفہوم بیان فرمایا ہے اسلام کے ابتدائی زمانہ میں جنگوں کی حقیقت بیان کریں ۔

۱۴۔ روح القدس سے کیا مراد ہے کیا وہ اب بھی نازل ہوتا ہے ؟

۱۵۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے کشتی نوحؑ میں عورتوں کو کیا نصیحت فرمائی ہے۔

ضروری نوٹ! تمام وہ دوست جو کشتی نوحؑ کا مطالعہ کر چکے ہیں مندرجہ بالا سوالات کا تحریری جواب دیں جو دوست ابھی تک مطالعہ نہیں کر سکے وہ کتاب سے مدد لے سکتے ہیں جماعتوں کے صدر/ سیکریٹریان اپنی اپنی جماعتوں میں امتحان لیں اور نتائج سے مشن کو آگاہ کریں۔ جو دوست کسی جماعت میں شامل نہیں وہ براہ راست اپنے پرچے مشن بھجوائیں

اپنا جائزہ لے کر اصلاح کی کوشش کریں!

۱) کیا آپ نے آج صبح کی نماز ادا کی تھی ۲) کیا آپ نے قرآن پاک کی تلاوت کی تھی ۳) کیا آپ نے اپنی روزمرہ کی ڈیوٹی صحیح رنگ میں انجام دی تھی ۴) کیا آپ نے کسی دینی کتاب کا مطالعہ کیا ہے ۵) کیا آپ نے حضور کی خدمت دعائیہ خط لکھا تھا ۶) کیا آپ وقف عارضی کے لئے اس سال سوچ رہے ہیں ۷) کیا آپ نے صد سالہ جوبلی کی دعائیں پڑھی ہیں ۸) کیا آپ اپنے لئے اور سلسلہ احمدیہ کیلئے دعائیں کرتے رہتے ہیں ۔

( نیشنل ناظم تعلیم و تربیت خدام الاحمدیہ مغربی جرمنی )

# نواں ۹ جلسہ سالانہ مغربی جرمنی

جلسہ سالانہ مغربی جرمنی مورخہ ۲۱-۲۲ شہادت ۱۳۶۳ بمطابق ۲۱-۲۲ اپریل ۱۹۸۴ء بروز ہفتہ اتوار فرانکفرٹ میں منعقد ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ تمام دوستوں کی خدمت میں التماس ہے وہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں اس بابرکت اجتماع میں شریک ہوکر علمی اور روحانی فائدہ اٹھائیں اور برکات سے اپنی جھولیاں بھرلیں۔ کوشش کرکے اپنے غیر از جماعت دوستوں نیز غیر مسلم جرمنوں کو بھی اپنے ساتھ لائیں جو دوست جلسہ پر تشریف لا رہے ہیں وہ مندرجہ ذیل ہدایات کو خاص طور پر مدنظر رکھیں تاکہ میزبان جماعت کو قیام و طعام کے انتظام میں سہولت رہے۔

۱- فوری طور پر منتظم استقبال و رہائش کو مطلع کریں کہ آپ اکیلے آرہے ہیں یا مع فیملی جلسہ میں شرکت کر رہے ہیں

۲- آپ اپنے ساتھ کتنی تعداد میں غیر از جماعت دوست یا غیر مسلم جرمن لا رہے ہیں

۳- فرانکفرٹ میں آپ کی رہائش کا انتظام ذاتی ہوگا یا جماعتی انتظام کے تحت ٹھہریں گے اگر ہوٹل میں رہائش رکھنے کا ارادہ ہو تو بھی ضرور مطلع فرمائیں

۴- اپنے ساتھ موسم کی رعایت سے **بستر** ضرور لے کر آئیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام جلسہ پر آنے والے مہمانوں کو موسم کے مطابق بستر لانے کی تلقین فرمایا کرتے تھے

۵- تمام جماعتوں کے صدران / سیکرٹریاں خط کے ذریعہ یا ٹیلیفون کرکے اطلاع دیں کہ ان کی جماعت سے کتنی تعداد میں بچے عورتیں اور مرد جلسہ میں شمولیت کے لئے آرہے ہیں

۶- دوران جلسہ جملہ آداب اسلامی نیز مجلس اور اجتماعات کے آداب کا خیال رکھیں بہت بلند آواز سے نہ ہنسیں نہ گفتگو کریں باہمی جھگڑے اور تلخ کلامی سے مکمل گریز کریں راستوں پر اژدھام نہ کریں، خواتین کی موجودگی میں غض بصر سے کام لیں، کھانے کے دوران اسلامی آداب کا خاص طور پر خیال رکھیں، سگریٹ نوشی سے مکمل پرہیز کریں اس بات کا ہر دم احساس کریں کہ ہر احمدی داعی الی اللہ ہے اسلئے اخلاق کا ایسا عمدہ نمونہ پیش کریں کہ غیر اقوام کے لوگ دیکھ کر متاثر ہوں اور اس بات کے قائل ہو جائیں کہ درحقیقت اسلام کی اخلاقی تعلیم دوسرے تمام مذاہب کی اخلاقی تعلیمات پر برتری رکھتی ہے

## آپ جلسہ پر کیوں آرہے ہیں !!

(حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں)

آپ جلسہ سالانہ پر اس لئے آرہے ہیں تاکہ ۱- ایسے حقائق و معارف سنیں جو ایمان اور یقین اور معرفت کو ترقی دینے کیلئے ضروری ہیں ۲- طلب علم اور مشورہ امداد اسلام اور ملاقات اخوان کے مواقع بہم پہنچیں ۳- آپ میں سے ہر ایک کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے اور آپ کی معلومات دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو ۴- جسقدر نئے بھائی اس جماعت میں گذشتہ سال داخل ہوئے ہیں پرانے بھائی ان کا منہ دیکھ لیں اور روشناس ہو کر رشتہ تودد اور تعارف ترقی پذیر ہو

5- (امام وقت کیطرف سے) دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہو اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائے کہ خدا تعالیٰ انہیں اپنی طرف کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے 6- اپنے مولیٰ کریم اور رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دلوں پر غالب آجائے اور ایسی حالت انقطاع پیدا ہو جائے جس سے سفر آخرت مکروہ معلوم نہ ہو